مرجع جہان تشیع حضرت آیت اللہ العظمی حکیم (مد ظلہ) نے اربعین مارچ کے زائرین کی خدمت انجام دینے والے رضاکاروں کی حوصلہ افزائی فرمائی ، کہ ان کے یہ کام لوگوں کے دین ، عقیدت اور اس راہ میں قربانیوں میں بہت مدد گار ہے ۔

مرجع جہان تشیع حضرت آیت اللہ العظمی سید محمد سعید حکیم (مدظلہ العالی) نے لوگوں کی خدمت انجام دینے والے رضاکاروں سے خطاب فرمایا اور ان عوام کی خدمت اور ان کے مددگار بننے پر ان کی حوصلہ افزائی فرمائی ، کہ اربعین کی زیارت اور مومنین کی دینی اور عقیدے کی ارتباط نے ان سب کو یہاں لے آئے ہیں اور اس راستے میں اپنے مال اور جان کو بھی فدا کرنے سے دریغ نہیں کرتے ، یہ چیزیں ہر قسم کی مادیات سے عاری اور خالی ہے ، ان اظہارات کا خیال آپ نے عراق کے سول دفاعی ڈائریکٹر جنرل اور ان کے ساتھ آنے والے وفد سے ملاقات کے دوران فرمایا تھا۔

آپ نے اپنے گفتگو کے دوران امام صادق علیہ اسلام کے اس فرمان کی بھی یاددہانی فرمایا : " کفارة عمل السلطان قضاء حوائج الاخوان" بادشاہ کےلئے کام کرنے کا کفارہ دینی بھائیوں کی مشکلات کو حل کرنا ہے ،اس کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ دین اور عقیدے کے پابند رہنے کی تاکید فرمائی ، فقیر اور کمزور انسانوں سے رافت اور رحمدلی سے پیش آنے کی سفارش فرمائے۔

اس ملاقات کے آخر میں آپ نے سب کو تقوی الہی کی سفارش کی ، اور فرمایا : جان لیں! کہ خداوند متعال سے کوئی بھی پوشیدہ نہیں ہے ، اور ہر چیز سے پہلے خداوند متعال سب کا نگہبان ، محافظ اور